# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶؍نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ قبائلیوں کی شناخت ہزاروں سال قدیم بھارتی شعور کا لازمی حصہ۔ بھگوان برسا منڈا کے یوم پیدائش پر وزیراعظم کا اظہار عقیدت۔ ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ ناگپور میں ریاستی سطح کے قبائلی ثقافتی فیسٹول کا وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ میونسپل کونسل اور نگر پنچایت انتخابات کے لیے آج بھی نامزدگی فارم داخل کیے جاسکیں گے۔

☆ غزل نواز بھیم راؤ پانچاڑے کو مردگندھ ایوارڈ کا اعلان۔

☆ کولکتہ ٹیسٹ میں جنوبی افریقہ کے دوسری اننگ میں 7/ وکٹ پر 93/ رن۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر۔ جالنہ اور بیڑ اضلاع کے لیے سردی کا یلو الرٹ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قبائلیوں کی شناخت ہزاروں برس قدیم ہندوستانی شعور کا غیر منقسم اور لازمی حصہ ہے۔ مجاہد آزادی اور قبائلی سماج کے رہنما بھگوان برسا منڈا کے ڈیڑھ سو سالہ یوم پیدائش کے حوالے سے کل ملک بھر میں ادیواسی گورو دن منایا گیا۔ اس ضمن میں گجرات کے نرمدا ضلع کے دیڑیا پاڑا میں منعقدہ ایک پروگرام سے وزیر اعظم خطاب کررہے تھے۔ اپنے خطاب میں نریندر مودی نے جدوجہد آزادی میں قبائلیوں کے کردار پر روشنی ڈالی۔

**Byte: PM Modi in Birsa Munda**

ممبئی احمد آباد بلیٹ ٹرین کے سورت اسٹیشن کا بھی وزیر اعظم نے معائنہ کیا۔ اس اسٹیشن کے دورے کے دوران وزیر اعظم نے متعلقہ افسران سے گفت شنید کرکے وہاں جاری کاموں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ قبائلی ثقافت کے تحفظ کے لیے ریاستی حکومت نئے منصوبے لا رہی ہے۔ کل ناگپور میں برسا منڈا جینتی کے موقع پر منعقدہ ریاستی قبائلی فیسٹول کے افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قبائلی بچوں کے لیے تعلیمی اسکیمیں بھی مزید مستحکم کی جارہی ہیں۔ حکومت قبائلیوں کو پانی، زمین اور جنگل سے وابستہ رکھتے ہوئے انہیں تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ قبائلی رہنماؤں کو ڈھونڈ کر ان کی تاریخ کو دنیا کے سامنے لایا جائے گا۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ انہوں نے قبائلی ترقی کے لیے حکومت کی جانب سے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ پیش کیا۔

***** ***** *****

کل ناگپور میں XSIO۔انڈسٹری ۔ بلیک اسٹون اور ریاست کے محکمۂ صحت کے درمیان پانچ ہزار 127 ؍کروڑ روپیوں کے معاہدوں پر دستخط ہوئے۔اس موقع پر کمپنی نے سرمایہ کاری کی رقم آٹھ ہزار کروڑ روپیئوں تک بڑھانے کا اعلان کیا۔وزیراعلیٰ کے ہاتھوں XSIO انڈسٹریل اینڈ لاجسٹک پارک کا بھی سنگ بنیاد رکھا گیا۔700 کروڑ روپیئوں کے صرفے سے سمردھی ایکسپریس وے کے کنارے یہ عالمی معیار کا پارک تعمیر کیا جارہاہے۔ پارک کے دوسرے مرحلے میں 105 ؍ایکڑ کے لاجسٹک پارک کا بھی سنگ بنیاد رکھا گیا۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ اس سے تقریباً10ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔

دریں اثناءوزیراعلیٰ آج چھترپتی سمبھاجی نگر کا دورہ کررہے ہیں۔سڈکو چوک میں سابق وزیراعلیٰ وسنت راؤ نائیک کے قدآدم مجسمے اور کرانتی چوک میں سوامی رامانند تیرتھ کے مجسمے کا افتتاح بھی آج وزیراعلیٰ کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔اس دوران مختلف راستوں پر ٹریفک کو متبادل سڑکوں کی طرف موڑ دیا گیاہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بی جے پی کے دفتر کا افتتاح بھی آج دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے مہاراشٹر کے انچارج رمیش چینی تھلہ نے کہا ہے کہ انتخابات میں شکست کے باعث کانگریس ختم ہوجائیگی یہ تنقید بے معنی ہے ۔اور کانگریس پارٹی ایک بار پھر نئی طاقت اور جوش کے ساتھ کھڑی ہوگی۔وہ کل ممبئی میں کانگریس کے یک روزہ ورکشاپ سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریاستی کانگریس کے صدر ہرش وردھن سپکاڑنے کارکنوں کو تلقین کی کہ منفی رویہ ترک کرکے جدوجہد کا جذبہ اپنائیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

میونسپل کونسل اور نگر پنچایت کے انتخابات کے لیے خواہشمند امیدواروں کے کاغذات نامزدگی آج اتوار کی تعطیل کے باوجود آن لائن اور آف لائن دونوں طریقوں سے جمع کئے جائیں گے۔آج صبح 11 ؍بجے سے دوپہر 3 ؍بجے تک فارم قبول کرنے کے لیے ریاستی انتخابی کمیشن نے تمام انتخابی افسران کو ہدایت کی ہے۔کاغذات نامزدگی اور حلف نامے داخل کرنے کا آخری وقت کل 17 ؍نومبر سہ پہر 3 ؍بجے تک ہے۔ریاستی انتخابی کمیشن نے خواہش مند امیدواروں سے کہاہے کہ زیادہ سے زیادہ امیدوار آج ہی اپنے کاغذات جمع کرواتے ہیں تو کل آخری وقت کی بھاگ دوڑ سے بچا جاسکے گا۔

***** ***** *****

اہلیہ نگر ضلع کے رالےگن سدھی میں ابتدائی طبی مرکز کی نئی عمارت کا کل ریاست کے وزیر برائے صحت عامہ اور خاندانی بہبود پرکاش آبٹکر نے معائنہ کیا۔بزرگ سماجی کارکن پدم بھوشن اناہزارے سے بھی وزیر موصوف نے ملاقات کی۔

***** ***** *****

لوک شاہیر وٹھل اومپ فاونڈیشن کا مرد گندھا ایوارڈ غزل نواز بھیم راؤ پانچاڑے کو دیا جائے گا۔26 ؍نومبر کو اومپ کی 15 ؍ویں برسی کو وٹھل اومپ کی یاد میں ایک بزم میوسقی منعقد کی گئی ہے۔اس تقریب میں پانچاڑے کو یہ ایوارڈ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاستی فیسٹول ’’اندردھنوش 2025‘‘ حال ہی میں جلگاؤں میں شاعرہ بہنابائی چھودھری شمالی مہاراشٹر یونیورسٹی میں منعقد ہوا۔اس میں للت کلا زمرے میں ناندیڑ کے ویبھو وشنوگرام نے تیسرا انعام حاصل کیا۔

**** **** *****

بال رنگ بھومی پریشد کی بیڑ شاخ کی جانب سے ''جلوش لوک کلا کا'' کے عنوان سے عوامی فنون میلہ منعقد کیا گیا۔ کے ایس کے کالج بیڑ میں ہوئے اس فیسٹول میں تقریباً 400 ننھے فنکاروں اور گروپ نے شرکت کی۔

**** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں کل بھگوان برسا منڈا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے اس موقع پر برسا منڈا کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں بھی کل برسا منڈا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ لاتور ضلع کلکٹر دفتر میں بھی اس ضمن میں ایک پروگرام منعقد ہوا۔

**** **** *****

پربھنی ضلع پریشد کی چیف ایگزیکیٹو افسر نتیشا ماتھر نے جل جیون مشن کے تحت دیہی علاقوں میں آب رسانی کی اسکیموں کا کل معائنہ کیا۔ انہوں نے ضلع کے دیہاتوں میں جل جیون مشن کے تحت پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایت کی۔ جنتور تعلقے کے مختلف دیہاتوں کا بھی انہوں نے دورہ کیا۔

**** **** *****

قاہرہ میں معقدہ عالمی نشانے بازی چمپئن شپ میں بھارتی نشانے باز ایشا سنگھ نے خواتین کے 25 میٹر پسٹول زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ عالمی سطح پر ایشیاء کا یہ پہلا میڈل ہے۔ تین طلاعی، پانچ نقرئی اور چار کانسے کے تمغوں کے ساتھ بھارت میڈل ٹیلی میں تیسرے نمبر پر ہے۔ چین دس طلاعی تمغوں کے ساتھ پہلے اور کوریا چھ طلاعی تمغوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

**** **** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین کولکتہ میں جاری پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کل گیند بازوں کا غلبہ رہا۔ کل دن بھر دونوں ٹیموں کے گیند بازوں نے مجموعی طور پر 16 / وکٹیں حاصل کیں۔ بھارت نے اپنی پہلی انگ ایک وکٹ پر 37 / رنوں سے آگے شروع کی۔ اور پہلی انگ میں 30 / رنوں کی معمولی برتری لے کر پوری ٹیم 189 رن بنا کر آوٹ ہوگئی۔۔ کے۔ ایل راہل نے سب سے زیادہ 39 رنز بنائے۔ افریقہ کے گیند باز سائمن ہارمر نے چار وکٹ لیے۔ دوسری انگ میں مہمان ٹیم کے سات کھلاڑی وقفے وقفے سے آؤٹ ہو گئے۔ کل جب کھیل ختم ہوا تو جنوبی افریقہ نے سات وکٹ پر 93 رنز بنائے تھے۔ کپتان ٹیمبا باوما 29 رن بنا کر کریز پر موجود تھے۔

**** **** *****

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے بیڑ اسمبلی حلقے کے صدر ڈاکٹر یوگیش بھارت بھوشن شرساگر نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ اپنا استعفیٰ انہوں نے کل پارٹی کے ریاستی صدر سنیل تٹکرے کو ارسال کیا۔ یوگیش شرساگر نے بتایا کہ وہ اپنے مستقبل کے سیاسی لائحہ عمل کا عنقریب اعلان کریں گے۔

**** **** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجۂ حرارت جلگاؤں میں 8.7 ڈگری سیلیس ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ اہلیہ نگر میں تقریباً ساڑھے نو ڈگری درجۂ حرارت ریکارڈ ہوا۔ مراٹھواڑہ میں بیڑ ساڑھے دس ڈگری۔ پربھنی میں 11.7 ڈگری جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 12.6 ڈگری سیلیس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے لیے آج اور کل جبکہ جالنہ اور بیڑ اضلاع کے لیے کل سردی کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

**** **** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ قبائلیوں کی شناخت ہزاروں سال قدیم بھارتی شعور کا لازمی حصہ۔ بھگوان برسا منڈا کے یوم پیدائش پر وزیراعظم کا اظہار عقیدت۔ ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ ناگپور میں ریاستی سطح کے قبائلی ثقافتی فیسٹول کا وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ میونسپل کونسل اور نگر پنچایت انتخابات کے لیے آج بھی نامزدگی فارم داخل کیے جا سکیں گے۔

☆ غزل نواز بھیم راؤ پانچاڑے کو مرد گندھا ایوارڈ کا اعلان۔

☆ کولکتہ ٹیسٹ میں جنوبی افریقہ کے دوسری اننگ میں 7/ وکٹ پر 93/ رن۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر۔ جالنہ اور بیڑ اضلاع کے لیے سردی کا یلو الرٹ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****